Text of Urdu News

26-07-2026 (09:25 am)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینبصارت گل

وجے دوس

ملک آج27واں کرگل وجے دوس منارہا ہے۔ یہ دن 1999کی کرگل جنگ میں مادروطن کے دفاع کیلئے جانیں قربان کرنے والے بہادرفوجیونکو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے ہرسال26جولائی کو منایا جاتاہے۔

اس دن کے حوالے سے منعقدہ سب سے بڑی تقریب کی قیادت کرتے ہوئے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دراس میں کرگل وار میموریل پر شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔

انہوں نے اس موقعہ پر کہا کہ قوم بہادر جوانوں کی غیر معمولی جرات ، عظیم قربانی اور بے مثال عزم کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

خراج عقیدت

کرگل وجے دوس کے موقعے پر صدر جمہورہ دریدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے علاوہ ملک کی اعلیٰ شخصیات نے شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پیغامات میں انہوں نے کہا کہ مادروطن کی سلامتی کیلئے دشوار حالات میں فوجیوں کی طرف سے پیش کی جانی والی قربانی نیز حب الونی اور فرض شناسی کو ہمیشہ یادرکھا جائےگا۔

من کی بات

وزیراعظم نریندرمودی آج دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام من کی بات میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 130واں نشریہ ہوگا۔

نیوز کی ویب سائٹ اور نیوز AIR پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک کے علاوہ موبائیل ایپ پر براہ راست سنا جاسکے گا۔ AIR آن

ہندی نشریہ کے فوراً بعد آکاشوانی سے اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشرکیاجائے گا۔

مودی بات چیت

دریں اثنا وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر ساڑھے 4بجے وکست وائبرنٹ ولیج پروگرام 2026کے شرکاءکے ساتھ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے تبادلہ خیال کریں گے۔

اس دوران ملک کی تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے 4سو سے زائد نوجوان وزیراعظم کے ساتھ بات چیت کریں گے

پرہلاد جوشی

خوراک وعوامی تقسیم کاری کے مرکزی وزیرپرہلاد جوشی کو وزارت تعلیم کا اضافی چارج دیاگیاہے۔یہ فیصلہ دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کو صدر جمہوریہ کی منظوری ملنے کے بعد کیاگیاہے۔

اس بیچ مرکزی سرکار کل

Public Examination Preventaion and Unfairmeans Ammendmend Bill-2026

لوک سبھا میں پیش کرے گی۔ اس بل کامقصد امتحانات کے حوالے سے ایکٹ2024میں مزید ترمیم کرنا ہے۔ اس سے پہلے مرکزی کابینہ نے فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام ، امتحانی پرچہ لیک ہونے اور امتحانی بے ضابطگیوں جیسے معاملات میں سخت ترین سزا یقینی بنانے کیلئے مجوزہ قانون سازی کو منظوری دی ہے۔

ایل جی یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے شری امرناتھ جی یاترا کے حوالے سے موجودہ انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے پہلگام اور بالتل کے راستوں کی نوعیت کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر ڈویژنل کمشنرکشمیر انشل گرگ ، شری امرناتھ جی شرائن بورڈ کے ایڈیشنل سی ای او راہل سنگھ کے علاوہ انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ افسران موجود تھے۔ لیفٹنٹ گورنر نے یاترا کے راستوں کی جاری مرمت کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ ان راستوں کے حساس مقامات کو اولین ترجیحی دے کر یاتریوں کی مکمل حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کریں۔ اس کے علاوہ انہوننے یاتریوں کیلئے تمام

بنیادی سہولیات کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان راستوں پر مزید ریسکیو ٹیموں کی تعیناتی کی بھی ہدایت دی۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترابالتل کے راستے سے جاری ہے تاہم پہلگام راستے سے یاترا بند ہے جس کی سرکاری بیان کے مطابق مرمت جاری ہے۔

اس بیچ کل بال تل کے راستے سے 4ہزار474یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

ادھر صوبائی کمشنر کشمیرانشل گرگ کے مطابق یاترا شروع ہونے سے کل شام تک مجموعی طورپر3لاکھ 95ہزاریاتریوننے شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔

اس دوران سرینگر ۔جموں قومی شاہراہ کے رامسو علاقے میں جاری مرمت کے پیش نظرشاہراہ پر دونوں اطراف سے گاڑیوں کی آمد ورفت فی الحال بند کردی گئی ہے۔

جاوید رانا

جل شکتی وقبائلی امور کے وزیر جاوید احمدرانا نے کل ضلع پونچھ کے داراسنگھلا علاقے کا دورہ کرکے حال ہی میں ہوئی شدید بارشوں میں ہلاک ہوئے افراد کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے ان کی ڈھارس بندھائی۔

انہوں نے سرنکوٹ علاقے میں ہوئے نقصان کابھی جائزہ لیا۔وزیر کے ہمراہ ایم ایل اے سرنکوٹ چودھری محمد اکرم اور مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بھی تھے۔

اس موقعہ پر وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی سرکار متاثرہ کنبوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر ممکنہ مدد فراہم کرنے میں سنجیدہ ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17 اعشاریہ 7 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ